	هوشیار عزاداران حسین کربلا میں قیامة آئي هے عاشور هے سبط طه نے سجدے میں شهادة پائي هے
ایک بار نگاهیں سوئے نجف ایک بار مدینة پھرتي هے بیٹے کي مدد پر تم آؤ لاچار هے اور تنهائي هے	
	تن خون سے تر هے گھایل هے اور زخم جگر کا کیا کهنا اصغر کي قبر هے ایک جانب اکبر نے بھي برچھي کھائي هے
کهتے هو جسے تم پیغمبر یه اُنکا نواسا پیاسا هے اے بد اُمة کچھ شرم کرو خود نهر اودھر شرمائي هے	
	بیٹھے هے اکیلے ریتي پر گھیرا هے یزیدي لشکر نے عباس کهاں هو آجاؤ سرور نے خبر بھجوائي هے
تلوار سے کوئي کوئي نیزے سے کوئي تیر سے حملة کرتا هے ایک دشمن نے پتھر مارا سد آه زمیں تھرّائي هے	
	کهتے شه دیں یاد رکھو محشر میں هم ایسے آئینگے ماتھے پے زخم اِس پتھر کا داڑھي خوں سے رنگائي هے
یه شمر هیں زینب چیخ اُٹھي یه ذبح کیسے کرتا هے بھلا خنجر کے تحت کوئي اور نهیں دُکھیا تیرا اپنا بھائي هے	
	عاشور کا سورج نکلا جب آباد تھا گھر ماں زهراء کا مغرب هے اٹھاره لاشیں هیں کیسي شب محشر آئي هے
مردانه نهیں شبیر نهیں سیدانیوں کا اب کیا هوگا چادر دو دو اوڑھي هے مگر فتنة کي گھٹا جو چھائي هے	
	تاحشر رهے صحة میں رهے ، محفوظ سدا رهِ قطب هدی نوحه کر یه عرضي بضعة دربار خدا میں لائي هے

© Fatemidawat.com